# اتوار 18 جنوری، 2026

## مضمون۔ زندگی

**سنہری متن:** **رومیوں 6 باب 23 آیت**

---

"خدا کی بخشش ہمارے خداوند یسوع مسیح میں ہمیشہ کی زندگی ہے۔"

---

جوابی مطالعہ: **امثال 4 باب 1، 4 تا 6، 10، 13 آیات**

1۔ اے میرے بیٹو! باپ کی تربیت پر کان لگاؤ اور فہم حاصل کرنے کے لئے توجہ کرو۔

4۔ میری باتیں تیرے دل میں رہیں، میرے فرمان بجالا اور زندہ رہ۔

5۔ حکمت حاصل کر فہم حاصل کر بھول نا مت اور میرے منہ کی باتوں سے برگشتہ نہ ہونا۔

6۔ حکمت کو ترک نہ کرنا۔ وہ تیری حفاظت کرے گی۔ اُس سے محبت رکھنا۔ وہ تیری نگہبان ہو گی۔

10۔ اے میرے بیٹے! سن اور میری باتوں کو قبول کر اور تیری زندگی کے دن بہت سے ہوں گے۔

13۔ تربیت کو مضبوطی سے پکڑے رہ۔ اُسے جانے نہ دے۔ اُس کی حفاظت کر کیونکہ وہ تیری حیات ہے۔

---

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، "سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ" میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

## درسی وعظ

# بائبل میں سے

## 1۔ 1یوحنا 1 باب 1تا3 آیات

1۔ اُس زندگی کے کلام کی بابت جو ابتدا سے تھا اور جسے ہم نے سُنا اور اپنی آنکھوں سے دیکھا بلکہ غور سے دیکھا اور اپنے ہاتھوں سے چھوا۔

2۔ (یہ زندگی ظاہر ہوئی اور ہم نے اُسے دیکھا اور اُس کی گواہی دیتے ہیں اور اُسی ہمیشہ کی زندگی کی تم کو خبر دیتے ہیں جو باپ کے ساتھ تھی اور ہم پر ظاہر ہوئی۔)

3۔ جو کچھ ہم نے دیکھا اور سنا ہے تمہیں بھی اُس کی خبر دیتے ہیں تاکہ تم بھی ہمارے شریک ہو اور ہماری شراکت باپ کے ساتھ اور اُس کے بیٹے یسوع مسیح کے ساتھ ہو۔

## 2۔ یوحنا 5 باب 8 (تا کہنا)، 19 (بے شک)، 24 (تا چھٹی،) آیات

8۔ یسوع نے اُس سے کہا۔۔۔

19۔ میں تم سے سچ کہتا ہوں کہ بیٹا آپ سے کچھ نہیں کر سکتا سوا اُس کے جو باپ کو کرتے دیکھتا ہے کیونکہ جن کاموں کو وہ کرتا ہے انہیں بیٹا بھی اُسی طرح کرتا ہے۔

24۔ میں تم سے سچ کہتا ہوں کہ جو میرا کلام سنتا ہے اور میرے بھیجنے والے کا یقین کرتا ہے ہمیشہ کی زندگی اُس کی ہے۔

---

*بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، "سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ" میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔*

## 3۔ مرقس 5 باب 21 (جب) تا 24 (تا)، 35 (وہاں) تا 43 آیات

21۔جب یسوع پھر کشتی میں پار گیا تو بڑی بھیڑ اُس کے پاس جمع ہوئی۔

22۔اور عبادتخانے کے سرداروں میں سے ایک یائیر نام آیا اور اُسے دیکھ کر اُس کے قدموں پر گرا۔

23۔اور یہ کہہ کر اُس کی بہت منت کی میری چھوٹی بیٹی مرنے کو ہے۔ تُو آکر اپنے ہاتھ اُس پر رکھ کہ وہ اچھی ہو جائے اور زندہ رہے۔

24۔پس وہ اُس کے ساتھ چلا اور بہت سے لوگ اُس کے پیچھے ہو لئے۔

35۔وہ یہ کہہ ہی رہا تھا کہ عبادتخانے کے سردار کے ہاں سے لوگوں نے آکر کہا تیری بیٹی مر گئی۔ اب استاد کو کیوں تکلیف دیتا ہے؟

36۔جو بات وہ کہہ رہے تھے اُس پر یسوع نے توجہ نہ کر کے عبادت خانے کے سردار سے کہا خوف نہ کر فقط اعتقاد رکھ۔

37۔پھر اُس نے پطرس اور یعقوب اور یعقوب کے بھائی یوحنا کے سوا اور کسی کو اپنے ساتھ چلنے کی اجازت نہ دی۔

38۔اور وہ عبادتخانے کے سردار کے گھر میں آئے اور اُس نے دیکھا کہ ہلڑ ہو رہا ہے اور لوگ بہت رو پیٹ رہے ہیں۔

39۔اور اندر جا کر اُن سے کہا تم کیوں غُل مچاتے اور روتے ہو؟ لڑکی مر نہیں گئی بلکہ سوتی ہے۔

40۔وہ اُس پر ہنسنے لگے لیکن وہ سب کو باہر نکال کر لڑکی کے ماں باپ کو اور اپنے ساتھیوں کو لے کر جہاں لڑکی پڑی تھی اندر گیا۔

41۔اور لڑکی کا ہاتھ پکڑ کر اُس سے کہا تلیتا قومی۔ جس کا ترجمہ ہے اے لڑکی میں تجھ سے کہتا ہوں اُٹھ۔

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کُنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

42۔ وہ لڑکی فی الفور اُٹھ کر چلنے پھرنے لگی کیونکہ وہ بارہ برس کی تھی۔ اِس پر لوگ بہت حیران ہوئے۔

43۔ پھر اُس نے اُن کو تاکید سے حکم دیا کہ یہ کوئی نہ جانے اور فرمایا کہ لڑکی کو کچھ کھانے کو دیا جائے۔

## 4۔ یوحنا 3 باب 1 تا 16 آیات

1۔ فریسیوں میں سے ایک شخص نیکودیمس نام یہودیوں کا سردار تھا۔

2۔ اُس نے رات کو یسوع کے پاس آکر اُس سے کہا اے ربی ہم جانتے ہیں کہ تُو خدا کی طرف سے اُستاد ہو کر آیا ہے کیونکہ جو معجزے تُو دکھاتا ہے کوئی شخص نہیں دکھا سکتا جب تک خدا اُس کے ساتھ نہ ہو۔

3۔ یسوع نے جواب میں اُس سے کہا میں تجھ سے سچ کہتا ہوں جب تک کوئی نئے سرے سے پیدا نہ ہو خدا کی بادشاہی کو نہیں دیکھ سکتا۔

4۔ نیکودیمس نے اُس سے کہا آدمی جب بوڑھا ہو گیا تو کیونکر پیدا ہو سکتا ہے؟ کیا وہ دوبارہ اپنی ماں کے پیٹ میں داخل ہو کر پیدا ہو سکتا ہے؟

5۔ یسوع نے اُسے جواب دیا کہ میں تجھ سے سچ کہتا ہوں جب تک کوئی آدمی پانی اور روح سے پیدا نہ ہو وہ خدا کی بادشاہی میں داخل نہیں ہو سکتا۔

6۔ جو جسم سے پیدا ہوا ہے جسم ہے اور جو روح سے پیدا ہوا ہے روح ہے۔

7۔ تعجب نہ کر کہ میں نے تجھ سے کہا کہ تمہیں نئے سرے سے پیدا ہونا ضرور ہے۔

8۔ ہوا جِدھر چاہتی ہے چلتی ہے اور تُو اُس کی آواز سنتا ہے مگر نہیں جانتا کہ وہ کہاں سے آتی ہے اور کہاں کو جاتی ہے۔ جو کوئی روح سے پیدا ہوا ہے ایسا ہی ہے۔

9۔ نیکودیمس نے جواب میں اُس سے کہا یہ باتیں کیونکر ہو سکتی ہیں؟

---

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

10۔ یسوع نے جواب میں اُس سے کہا بنی اسرائیل کا اُستاد ہو کر کیا تُو اِن باتوں کو نہیں جانتا؟

11۔ میں تجھ سے سچ کہتا ہوں کہ جو ہم جانتے ہیں وہ کہتے ہیں اور جسے ہم نے دیکھا ہے اُس کی گواہی دیتے ہیں اور تم ہماری گواہی قبول نہیں کرتے۔

12۔ جب میں نے تم سے زمین کی باتیں کہیں اور تم نے یقین نہیں کیا تو اگر میں تم سے آسمان کی باتیں کہوں تو کیونکر یقین کرو گے؟

13۔ اور آسمان پر کوئی نہیں چڑھا سوا اُس کے جو آسمان سے اُترا یعنی ابنِ آدم جو آسمان میں ہے۔

14۔ اور جس طرح موسیٰ نے سانپ کو بیابان میں اونچے پر چڑھایا اُسی طرح ضرور ہے کہ ابنِ آدم بھی اونچے پر چڑھایا جائے۔

15۔ تاکہ جو کوئی ایمان لائے اُس میں ہمیشہ کی زندگی پائے۔

16۔ کیونکہ خدا نے دنیا سے ایسی محبت رکھی کہ اُس نے اپنا اکلوتا بیٹا بخش دیا تاکہ جو کوئی اُس پر ایمان لائے ہلاک نہ ہو بلکہ ہمیشہ کی زندگی پائے۔

## 5۔ یوحنا 13 باب 31 (یسوع نے کہا) صرف آیت

31۔ یسوع نے کہا،

## 6۔ یوحنا 14 باب 2 تا 6، 16، 15، 12، 11 آیات

2۔ میرے باپ کے گھر میں بہت سے مکان ہیں اگر نہ ہوتے تو میں تم سے کہہ دیتا کیونکہ میں جاتا ہوں تاکہ تمہارے لئے جگہ تیار کروں۔

3۔ اور اگر میں جا کر تمہارے لئے جگہ تیار کروں تو پھر آکر تمہیں اپنے ساتھ لے لوں گا تاکہ جہاں میں ہوں تم بھی ہو۔

4۔ اور جہاں میں جاتا ہوں تم وہاں کی راہ جانتے ہو۔

5۔ توما نے اُس سے کہا اے خداوند ہم نہیں جانتے کہ تُو کہاں جاتا ہے۔ پھر راہ کس طرح جانیں۔

6۔ یسوع نے اُس سے کہا کہ راہ اور حق اور زندگی میں ہوں کوئی میرے وسیلہ کے بغیر باپ کے پاس نہیں آتا۔

11۔ میرا یقین کرو کہ میں باپ میں ہوں اور باپ مجھ میں۔ نہیں تو میرے کاموں ہی کے سبب سے میرا یقین کرو۔

12۔ میں تم سے سچ کہتا ہوں کہ جو مجھ پر ایمان رکھتا ہے یہ کام جو میں کرتا ہوں وہ بھی کرے گا بلکہ اِن سے بھی بڑے کام کرے گا کیونکہ میں باپ کے پاس جاتا ہوں۔

15۔ اگر تم مجھ سے محبت رکھتے ہو تو میرے حکموں پر عمل کرو۔

16۔ اور میں باپ سے درخواست کروں گا تو وہ تمہیں دوسرا مددگار بخشے گا کہ ابد تک تمہارے ساتھ رہے۔

## سائنس اور صحت

**1۔ 3:497 (جیسا کہ)۔4**

---

*بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔*

بطور سچائی کے پیروکار، ہم بائبل کے الہامی کلام کو ابدی زندگی کے لئے معقول ہدایت سمجھتے ہیں۔

## 2۔ 13-4:24

اصل متن سے شناسائی اور انسانی عقائد کو ترک کرنے کا عزم (پیشواؤں کی جانب سے قائم کردہ اور بعض اوقات بد ترین انسانی جذبات سے بھڑکائے گئے عقائد)، کرسچن سائنس کو سمجھنے کی راہ کھولتے ہیں، اور بائبل کو زندگی کا نقشہ بناتے ہیں، جہاں سچائی کے نشانات اور شفائیہ دھاروں کی نشاندہی ہوتی ہے۔

وہ جس پر "خدا کا بازو" ظاہر ہوتا ہے وہ ہماری رپورٹ پر یقین کرے گا، اور نئی پیدائش کے ساتھ زندگی کے نئے پن میں اُٹھے گا۔

## 3۔ 13-4:410

یسوع کہتا ہے کہ "یہ ہمیشہ کی زندگی ہے"، نہ کہ ہو گی، اور پھر وہ باپ اور خود کے موجودہ علم کے طور پر ابدی زندگی کی وضاحت کرتا ہے، یعنی محبت، سچائی اور زندگی کا علم۔ ہمیشہ کی زندگی یہ ہے کہ وہ تجھ خدائے واحد اور برحق کو اور یسوع مسیح کو جسے تُو نے بھیجا ہے جانیں۔ صحیفے کہتے ہیں، "انسان صرف روٹی سے زندہ نہیں رہے گا، بلکہ ہر ایک لفظ سے جو خدا کے منہ سے نکلتا ہے،" یہ ظاہر کرتا ہے کہ سچائی ہی انسان کی اصل زندگی ہے۔ لیکن بنی نوع انسان اس تعلیم کو عملی بنانے پر اعتراض کرتا ہے۔

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، "سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ" میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

## 4۔ 192:27۔31 اگلا صفحہ

الٰہی مابعد الطبیعات کے فہم میں ہم ہمارے مالک کے نمونے کی پیروی کرتے ہوئے محبت اور سچائی کے نقشِ قدم پر چلتے ہیں۔ مسیحت حقیقی شفا کی بنیاد ہے۔ بے لوث محبت کے معاملے میں انسانی سوچ جو کچھ بھی اپناتی ہے وہ براہ راست الٰہی قوت پا لیتی ہے۔

مجھے لین میں مسٹر کلارک سے ملنے کی دعوت دی گئی، جو چھ ماہ سے کمر کی بیماری کے باعث بستر پر پڑا تھا، جب وہ جوان تھا تو ایک لکڑی کا بڑا کیل اُس پر گرنا اِس بیماری کی وجہ تھی۔ گھر میں داخل ہوتے ہوئے میں اُس کے ڈاکٹر سے ملا، جس نے کہا کہ مریض مر رہا تھا۔ ڈاکٹر نے اُس کی پیٹھ پر ایک ناسور کی تشخیص کی تھی، اور کہا کہ ہڈی کئی انچ تک سڑ چکی تھی۔ حتیٰ کہ اُس نے مجھے بھی وہ تحقیق دکھائی، جس پر ہڈی کی اِس حالت کا ثبوت ملتا تھا۔ ڈاکٹر باہر چلا گیا۔ مسٹر کلارک اپنی جمی اور بے بصر آنکھوں کے ساتھ لیٹا تھا۔ موت کی شبنم اُس کے ماتھے پر تھی۔ چند لمحوں میں اُس کا چہرہ بدل گیا؛ اُس کی موت کے زرد رنگ نے فطری رنگت کو جگہ دی۔ پلکیں آہستہ سے بند ہو گئیں اور سانس فطری سی چلنے لگی؛ وہ سو گیا تھا۔ قریباً دس منٹ بعد اُس نے اپنی آنکھیں کھولیں اور کہا: ”مجھے نیا انسان جیسا محسوس ہو رہا ہے۔ میری ساری تکالیف دور ہو چکی ہیں۔“ دوپہر کے تین سے چار بجے کے درمیان یہ واقعہ پیش آیا۔

میں نے اُسے کہا کہ اُٹھو، خود کپڑے پہنو، اور اپنے خاندان کے ساتھ رات کا کھانا کھاؤ۔ اُس نے ایسا ہی کیا۔ اگلے دن میں نے اُسے صحن میں دیکھا۔ تب سے میں نے اُسے نہیں دیکھا، لیکن مجھے اطلاع ہوئی کہ وہ دو ہفتوں میں کام پر چلا گیا۔ زخم کا رِسنا بند ہو گیا، اور زخم ٹھیک ہو گیا۔ لڑکپن میں جب سے چوٹ لگی تھی تب سے بیماری کی حالت برقرار تھی۔

اس کے صحت یاب ہونے کے بعد سے مجھے یہ اطلاع ملی ہے کہ اس کے معالج نے اسے ٹھیک کرنے کا دعویٰ کیا ہے، اور یہ کہ اُس کی والدہ کو یہ کہتے ہوئے پاگل خانے میں قید کرنے کی دھمکی دی گئی ہے کہ: ''یہ کوئی اور نہیں بلکہ خدا اور وہ عورت تھی جس نے اُسے شفا دی۔'' میں اس رپورٹ کی سچائی کی توثیق نہیں کر سکتا، لیکن میں نے اُس شخص کے لئے جو کچھ دیکھا اور کیا، اور اُس کے معالج نے کیس کے بارے میں جو کہا، وہی ہوا جیسا کہ میں نے بیان کیا ہے۔

## 5۔ 20-14:289

یہ حقیقت کہ مسیح، یا سچائی نے موت پر فتح پائی یا ابھی بھی فتح پاتا ہے، ''دہشت کے بادشاہ'' کو محض ایک فانی عقیدے یا غلطی کے علاوہ کچھ بھی ثابت نہیں کرتی، جسے سچائی زندگی کی روحانی شہادتوں کے ساتھ تباہ کرتی ہے؛ اور یہ ظاہر کرتا ہے کہ حواس کو جو موت دکھائی دیتی ہے فانی فریب نظری کے سوا کچھ نہیں، کیونکہ حقیقی انسان اور حقیقی کائنات کے لئے کوئی موت کا عمل نہیں۔

## 6۔ 28-19:52

''غمزدہ شخص'' نے مادی زندگی اور ذہانت کے عدم کو اور قادر جامع خدا، اچھائی کی قادر حقیقت کو بہتر طور پر سمجھا۔ شفائیہ عقل یا کرسچن سائنس کے یہ دو افضل نکات ہیں جنہوں نے اُسے محبت سے مسلح کیا۔ خدا کے اعلیٰ ترین نمائندے نے، الٰہی اصول کی عکاسی کے لئے انسانی قابلیت سے متعلق بات کرتے ہوئے، اپنے شاگردوں سے پیشن گوئی کے طور پر، نہ صرف اپنے دور بلکہ ہر دور کے لئے کہا: ''جو مجھ پر ایمان رکھتا ہے یہ کام جو میں کرتا ہوں وہ بھی کرے گا؛'' اور ''ایمان لانے والوں کے درمیان یہ معجزے ہوں گے۔''

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ''سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ'' میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

## 7۔ 32-19،18۔(دی)13:324

جو رستہ اس فہم کی جانب لے جاتا ہے کہ واحد خدا ہی زندگی ہے وہ رستہ سیدھا اور تنگ ہے۔ یہ بدن کے ساتھ ایک جنگ ہے، جس میں گناہ، بیماری اور موت پر ہمیں فتح پانی چاہئے خواہ یہاں یا اس کے بعد، یقیناً اُس سے قبل کہ ہم روح کے مقصد، یا خدا میں زندگی حاصل کرنے تک پہنچ پائیں۔

دراصل یسوع نے کہا، ”جو مجھ پر ایمان لاتا ہے وہ ابد تک کبھی نہ مرے گا۔“ یعنی، وہ جو زندگی کا حقیقی تصور پا لیتا ہے وہ موت پر اپنا ایمان کھو دیتا ہے۔ جس کے پاس نیکی کا حقیقی تصور ہے وہ بدی کا سارا فہم کھو دیتا ہے، اور اِس وجہ سے روح کے نامرنے والے حقائق میں رہنمائی پاتا ہے۔ ایسا شخص زندگی میں قائم ہوتا ہے، ایسی زندگی جو زندگی کو سہارا نہ دینے کے قابل بدن سے نہیں بلکہ اُس سچائی سے حاصل کی گئی ہو جو خود کے لافانی خیال کو آشکار کرتی ہے۔

کلسیوں (4:3) میں پولوس لکھتا ہے: ”جب مسیح جو ہماری زندگی ہے ظاہر کیا جائے گا] سامنے آئے گا[ تو تم بھی اُس کے ساتھ جلال میں ظاہر کئے] سامنے آ[ جاؤ گے۔“ جب روحانی ہستی کو اِس کی ساری کاملیت، تسلسل اور طاقت کے ساتھ سمجھا جاتا ہے، تو انسان خدا کی صورت پر پایا جائے گا۔ اِن رسولی الفاظ کا اصل مفہوم یہ ہے کہ: پھر انسان اُس کی صورت پر، باپ کی مانند کامل، زندگی میں لازوال، اُس الٰہی محبت میں سچائی کے ساتھ، ”مسیح کے ساتھ خدا میں پوشیدہ“، پایا جائے گا، جہاں انسانی فہم نے انسان کو نہیں دیکھا۔

## 8۔ 31-22:126

---

*بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔*

میں نے کرسچن سائنس اور بیماری کے علاج کے لئے اُس کا اطلاق بالکل اسی طرح کیا ہے جیسا کہ میں نے انہیں دریافت کیا ہے۔ میں نے عقل کے ذریعے انسان کی صحت، لمبی عمر اور اخلاق پر سچائی کے اثرات کا اظہار کیا ہے۔ اور مجھے قدیم یا جدید نظاموں میں ایسا کچھ نہیں ملا جس پر مجھے اپنا آپ ملے، سوائے ہمارے عظیم آقا کی تعلیمات اور مظاہروں اور انبیاء اور رسولوں کی زندگیوں کے۔ بائبل میرا واحد اختیار رہا ہے۔ میرے پاس حق کے "سیدھے اور تنگ راستے" میں کوئی دوسرا رہنما نہیں ہے۔

# روزمرہ کے فرائض

منجاب میری بیکر ایڈی

## روزمرہ کی دعا

اس چرچ کے ہر رکن کا یہ فرض ہے کہ ہر روز یہ دعا کرے: "تیری بادشاہی آئے؛" الٰہی حق، زندگی اور محبت کی سلطنت مجھ میں قائم ہو، اور سب گناہ مجھ سے خارج ہو جائیں؛ اور تیرا کلام سب انسانوں کی محبت کو وافر کرے، اور اُن پر حکومت کرے۔

*چرچ مینوئیل، آرٹیکل VIII، سیکشن 4۔*

## مقاصد اور اعمال کا ایک اصول

نہ کوئی مخالفت نہ ہی کوئی محض ذاتی وابستگی مادری چرچ کے کسی رکن کے مقاصد یا اعمال پر اثر انداز ہونے چاہئیں۔ سائنس میں، صرف الٰہی محبت حکومت کرتی ہے، اور ایک مسیحی سائنسدان گناہ کو رد کرنے سے، حقیقی بھائی چارے، خیرات پسندی اور معافی سے محبت کی شیریں آسائشوں کی عکاسی کرتا ہے۔ اس چرچ کے تمام اراکین کو سب گناہوں سے، غلط قسم کی

---

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، "سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ" میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

پیشن گوئیوں، منصفیوں، مذمتوں، اصلاحوں، غلط تاثرات کو لینے اور غلط متاثر ہونے سے آزاد رہنے کے لئے روزانہ خیال رکھنا چاہئے اور دعا کرنی چاہئے۔

*چرچ مینوئیل، آرٹیکل VIII، سیکشن 1۔*

# فرض کے لئے چوکسی

اس چرچ کے ہر رکن کا یہ فرض ہے کہ وہ ہر روز جارحانہ ذہنی آراء کے خلاف خود کو تیار رکھے، اور خدا اور اپنے قائد اور انسانوں کے لئے اپنے فرائض کو نہ کبھی بھولے اور نہ کبھی نظر انداز کرے۔ اس کے کاموں کے باعث اس کا انصاف ہو گا، وہ بے قصور یا قصوار ہو گا۔

*چرچ مینوئیل، آرٹیکل VIII، سیکشن 6۔*

---

بائبل کا یہ سبق پلیین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ''سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ'' میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔